# گھریلو معاہدے

6

URD 006




## تمام خواتین۔ ایک فیملی لاء۔

اپنے حقوق جانیئے

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

# گھریلو معاہدے

اس کتابچے کا مقصد آپکو قانونی مسائل کی بنیادی سوجھ بوجھ فراہم کرنا ہے۔ یہ کسی انفرادی قانونی مشورے یا معاونت کی متبادل نہیں ہے۔ اگر آپ قانونی مسائل سے دوچار ہیں تو اپنے حقوق کی حفاظت کے لیئے جلد از جلد قانونی مشورہ حاصل کیجئے۔ فیملی لا وکیل تلاش کرنے اوراسکی ادائیگی کے لیئے ہمارے کتابچے "فائنڈنگ ہیلپ ود یور فیملی لا پرابلم" دیکھئیے ہماری ویبسائٹ پر www.onefamilylaw.ca۔

**گھریلو معاہدے** گہرے تعلقات کے بارے میں قانونی معاہدے ہیں۔ ساتھ رہنے کے معاہدے، شادی کے معاہدے اور علیحدگی کے معاہدے مختلف قسم کے گھریلو معاہدے ہیں۔ اپنے تعلقات میں چند شرائط قائم کرنے کیلئے آپ گھریلو معاہدوں کو استعمال کرسکتے ہیں۔اگر آپ کے تعلقات ختم ہو جاتے ہیں توآپ ایک گھریلو معاہدے کو اپنے اور اپنے ساتھی کےحقوق اور ذمہ داریوں پر رضامند ہونے کے لیئے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

گھریلو معاہدے قانونی نہیں ہیں سوائے اسکے کہ وہ لکھے ہوں۔ آپ اور آپ کے ساتھی دونوں کو ضرور کسی گواہ کے سامنے معاہدے پر دستخط کرنے چا ہئیں۔ معاہدے میں کسی چیز کو بدلنے، یا معاہدے کو ختم کرنے کے لئے آپ کو لازماًانہی اصولوں کی پابندی کرنی چاہئے: اسے لازماً تحریری شکل میں ہونا چاہیئے اور آپ دونوں کو کسی گواہ کے سامنے دستخط کرنے چاہیئے۔

تلقین: گھریلو معاہدے اہم حقوق چھین سکتے ہیں۔ وہ آپ سے جائداد کے حقوق اور آپ کی مدد کا حق چھین سکتے ہیں۔ کسی قسم کے گھریلو معاہدے پر دستخط کرنے سے قبل کسی وکیل سے بات کیجئے۔

# گھریلو معاہدوں کی قسمیں

**ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ**
آپ اور آپ کا ساتھی ایک ساتھ منتقل ہونے سے پہلے یا بعد **کوہیبیٹیشن اگریمنٹ** بنا سکتے ہیں۔

ایک ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ کہہ سکتا ہے:
- آپ اپنے تعلقات میں کچھ چیزوں کو کیسے منظم کرنا چاہتے ہیں۔ (مثلاً، آپ رضامند ہوسکتے ہیں کہ آپ اپنی آمدنی علیحدہ رکھیں گے)؛
- اگر تعلق ختم ہوجاتا ہے تو آپ کیا کرینگے(مثال کے طور پر، جائداد کی تقسیم کیسے کریں گے اور آپ دونوں میں سے ایک دوسرے کو مدد کے لیئے کتنی ادائیگی کرے گا)۔ یہ اہم ہےکیونکہ جائداد سے متعلق خاندانی قانون ، بلا نکاحی جوڑوں پر لاگو نہیں ہوتا۔ جب کامن لا جوڑا جدا ہوتا ہے تو گھر اسی کا ہوگا جس کا نام ٹائٹل پر ہے۔

کوئی ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ آپکے بچوں کی نگرانی اور ملاقات کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ نگرانی، ملاقات اور بچوں کے خرچ کے فیصلے آپ اور آپکے ساتھی کی علیحدگی کے بعد ہی کیئے جاسکتے ہیں۔

اگر آپ اور آپکا ساتھی اکٹھے رہنے کے بعد شادی کرلیتے ہیں، آپکا ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ میرج کانٹریکٹ بن جاتاہے۔

**شادی کا معاہدہ**

ایک **شادی کا معاہدہ** ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ کی طرح ہے، لیکن یہ ان جوڑوں کے لیئے ہے جو شادی شدہ ہیں۔ اگر یہ ان لوگوں کے لیئے ہے جو شادی کرنے کے کا منصوبہ بنا رہے ہیں تو اسے پری نپشل اگریمنٹ کہا جاسکتا ہے۔

شادی کا معاہدہ انھیں مسائل کی اقسام کے بارے میں بات کرسکتے ہیں جیسے کہ ساتھ ساتھ رہنے کا معاہدہ۔ شادی کا معاہدہ نگرانی،ملاقات یا بچوں کے خرچ کے بارے میں کچھ بھی نہیں کہہ سکتا۔ یہ مسائل صرف آپکی علیحدگی کے بعد ہی طے کیئے جاسکتے ہیں۔

*خاندانی گھر اور شادی کے معاہدے*

اگر آپکی اپنے ساتھی کے ساتھ شادی ہوچکی ہے تو خاندانی جائیداد میں شریک ہونا آپ کا حق ہے اس میں وہ گھر بھی شامل ہے جس میں آپ رہتے ہیں۔ یہ گھر **میٹریمونیل گھر** کہلاتا ہے۔

بہت زیادہ محتاط رہیئے۔ آپ کسی چیز سے ہاتھ دھوسکتے ہیں جو آپکے مستقبل پر اثرانداز ہو سکتی ہو۔

قانون کہتا ہے کہ آپ اور آپکے ساتھی کو اپنے خاندانی گھر میں رہنے کا برابر کا حق ہے۔ قانون یہ بھی کہتا ہے کہ آپ دونوں میں سے کوئی بھی دوسرے کی اجازت لئے بغیر گھر کو فروخت یا رہن نہیں رکھ سکتا۔ شادی کے معاہدے ان حقوق کو نہیں بدل سکتے۔

شادی کے معاہدے خاندانی گھر کے بہت زیادہ اہم مسئلے سے نبٹنے کے لیئے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ قانون کہتا ہے کہ دونوں آپ اور آپ کے ساتھی کو خاندانی گھر کی مالیت کے نصف کا حق حاصل ہے۔ جب آپ علیحدہ ہوتے ہیں تو گھر کی مالیت کے ساتھ دوسروی جائیدادوں اور قرضوں میں شراکت ہوتی ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ گھر کا مالک کون ہے اور کس نے اسکی ادائیگی کی۔ یہ بھی درست ہے اگر چہ آپ دونوں میں سے کوئی بھی شادی سے پہلے اس گھر کا مالک تھا۔ آپکا ساتھی غالباً آپ سے شادی کے ایک ایسے معاہدے پر دستخط کرنے کا پوچھ سکتا ہے جس میں یہ ہے کہ آپ گھر کی مالیت یا دوسری جائیداد میں حصہ دار نہیں ہوں گے یا یہ کہ آپکےحصے کی رقم جتنی ہونی چاہئے اس سے کم ہوگی۔ قانون شادی کے معاہدوں کو یہ کہنے کی اجازت دیتا ہے۔

## علیحدگی کا معاہدہ

**علیحدگی کا معاہدہ** ایک دوسری قسم کا گھریلو معاہدہ ہے۔ فیصلے کے لیئے آپ علیحدگی کے معاہدے کا استعمال کرسکتے ہیں کہ مسائل سے کیسے نبٹا جائے۔ اگر آپ شادی شدہ تھے یا بلا نکاحی تعلق میں رہے تو علیحدگی کا معاہدہ کر سکتے ہیں۔ ایک علیحدگی کا معاہدہ بچوں کی نگرانی اور ملاقات ، مالی سہارے اور جائداد کی تقسیم کس طرح کی جائے گی، کے بارے میں بات کر سکتا ہے۔

آپ اور آپ کا ساتھی ان مسائل کے حل کے لیئے غالباً علیحدگی کے معاہدے کا استعمال کرسکتے ہیں کیونکہ:

- کسی معاہدے پر سمجھوتہ کرنا، عدالت میں جانے کی نسبت تیز تر اورکم دباؤ والا ہو سکتا ہے۔
- آپ اس پر قابو رکھ سکتے ہیں کہ آپکے معاہدے میں کیا ہے
- بہت زیادہ ممکن ہے کہ آپ اور آپکا ساتھی غالباً اس معاہدے پر عمل کریں گے کیونکہ آپ نے چنا ہے کہ اس میں کیا شامل کیاجائے۔

## گھریلو معاہدے کیسے نافذ کیئے جاتے ہیں؟

آپ اپنا گھریلو معاہدہ عدالت میں داخل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں،تو خرچے کی شرطیں اسی طرح نافذ ہوں گی جیسے یہ عدالتی حکم ہو۔ ، آپ کو اپنا معاہدہ عدالت میں داخل کرنا چاہیئے، شاید مستقبل میں کوئ مسئلہ بن جائے۔ گھریلو معاہدہ عدالت میں داخل کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ عدالت معاہدے پر نظرِ ثانی کرے گی۔ عدالت معاہدے پر نظرِ ثانی صرف تب کرے گی اگر آپ دونوں میں سے ایک کو معاہدے پراعتراض ہو۔ معاہدے پر دوسری شرائط پر عمل کے لئے آپ عدالت سے مدد کا پوچھ سکتے ہیں۔

بہت دفعہ، عدالتیں جو کچھ گھریلو معاہدے میں ہے وہی نافذ کرینگی۔ کسی گھریلو معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے قانونی مشورہ لیجئے۔ اس بات کا یقین کر لیجئے کہ آپ سمجھتے ہیں کہ معاہدے میں کیا ہے۔یقینی بنائیں کہ آپ کے معاہدے کے حقوق، قانون کے تحت آپ کے حقوق سے کیسے مختلف ہیں۔ ایک وکیل یہ دریافت کرنے کیلئے بھی آپکی مدد کرسکتا ہے کہ آیا آپ کو فیصلہ کرنے کی ضرورت کے لیئے آپ کے ساتھی کی آمدنی کے متعلق مکمل معلومات ہیں کہ یہ معاہدہ آپ کے لیئے صحیح ہے۔

## کیا عدالتیں ایک غیر منصفانہ معاہدے کو تبدیل کریں گی؟

اگر آپ اپنے گھریلو معاہدے کی کسی چیز پر اعتراض کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو لازماًعدالت سے درخواست کرنی چاہیئے۔ آپ کو علم ہونا چاہئے کہ عدالتیں ان معاہدوں میں دخل دینا پسند نہیں کرتیں۔ عدالتیں صرف اس وجہ سے معاہدے میں تبدیلی نہیں کریں گی کہ آپ کو معاہدے کے تحت خاندانی قانون کی مقابلے سے کم ملا ہے۔ آپ کو معاہدے پر اعتراض میں زیادہ کامیابی کا امکان تب ہوسکتا ہے اگر آپ دکھا سکتے ہیں کہ:

- آپ کا ساتھی اپنی مالی حالت کے بارے میں سچا نہ تھا
- آپکو معاہدے پر دستخط کرنے کے لیئے مجبور کیا گیا تھا
- معاہدہ انتہائی غیر منصفانہ ہے

عدالتیں عموماً معاہدے میں جائداد کی تقسیم کے بارے میں تبدیلی نہیں کرتیں۔ وہ قدرے شائد یہ تبدیل کر دیں کہ معاہدہ شوہر/بیوی کی مدد کے بارے میں کیا کہتا ہے۔ اگر آپکی حالت معاہدے پر دستخط کرنے کے وقت سے زیادہ خراب ہے تو زیادہ امید ہے کہ عدالت معاہدے میں تبدیلی کردے

جب کسی گھریلو معاہدے پر اعتراض اٹھایا جاتا ہے تو عدالت غالباً اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ معاہدے کا کون سے حصہ نکال دینا چاہیئے۔ اگر وہ حصہ معاہدے کا بہت ضروری حصہ ہے تو عدالت غالباً یہ فیصلہ کرسکتی ہے کہ پورا معاہدہ قانونی نہیں ہے۔اس صورت میں آپ اور آپکا ساتھی ایک نیا معاہدہ بناسکتے ہیں یا اگرآپ متفق نہیں ہو سکتے، آپ عدالت سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد کےلیئے پوچھ سکتے ہیں۔

*اگر آپ اونٹیریو میں رہائش پذیرفرانسیسی زبان بولنے والی عورت ہیں ، تو آپ کے پاس فیملی لا کی عدالت میں فرانسیسی زبان میں کارروائیوں کے حصول کا حق ہے۔ اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے، کسی وکیل سے رابطہ کیجئے، کمیونٹی لیگل کلنک سے، یا سپورٹ لائن فیمید پر 1-866-860-7082 ٹی ٹی وائی 1-877-336-2433.*

*فرانسیسی زبان میں خدمات حاصل کرنے کی مزید معلومات کے حصول کے لیئے ہماری ویبسائٹ پر جائیے*
www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca

## دستیاب فیملی لا کے موضوعات*

1. جھگڑے کا متبادل حل اور خاندانی قانون (URD 001)
2. بچوں کی حفاظت اور فیملی لا ء (URD 002)
3. بچوں کی امداد (URD 003)
4. مجرم اور فیملی لاء (URD 004)
5. نگرانی اور ملاقات (URD 005)
6. **گھریلو معاہدے (URD 006)**
7. فیملی لاء ثالثی (URD 007)
8. مہاجرین، پناہ گزین اور بلا حیثیت عورتوں کے فیملی لاء کے مسائل (URD 008)
9. اپنے فیملی لاء کے مسائل کیلئے مدد کی تلاش (URD 009)
10. فیملی لاء میں جائداد کیسے تقسیم ہوتی ہے (URD 010)
11. شادی اور طلاق (URD 011)
12. زوجی خرچہ (URD 012)

** یہ کتابچہ متعدد انداز اور زبانوں میں دستیاب ہے۔ برائے مہربانی مزید معلومات کے لیۓ دیکھیۓ* www.onefamilylaw.ca
*اپنے فیملی لا حقوق کو سمجھنے میں مدد کرنے کے لیۓ ہماری ویبسائٹ پر مزید مواد تلاش کرسکتے ہیں۔*

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

Funded by: / Financé par :
Ontario

ان مواد میں جو نظریات پیش کیۓ گئے ہیں وہ ایف ایل ای ڈبلیو کے ہیں اور ضروری نہیں کہ وہ صوبے کی عکاسی کرتے ہوں۔